# معلومات عامہ

برائے مہتممین/ ناظمین/ پرنسپل حضرات

رابطۃ المدارس کے دفتر کی طرف سے مہتممین/ ناظمین/ پرنسپل اور طلبہ وطالبات کی آسانی کے لیے مختصر معلومات، ہدایات اور شرائط ترتیب دی گئی ہے جو کہ درج ذیل ہیں۔

**امتحانات:**

رابطۃ المدارس کے امتحانات سال میں دو مرتبہ منعقد ہوتے ہیں۔ پہلا امتحان ہر سال رجب المرجب کے آخری ہفتہ میں اور دوسرا امتحان ذوالحجہ کے آخری ہفتہ میں منعقد ہوگا۔ یہ امتحانات درج ذیل ناموں سے موسوم ہیں۔ (پہلا امتحان: الامتحان السنوی)، (دوسرا امتحان: الامتحان الفصلی)

**داخلوں کی تاریخ:**

رابطۃ المدارس الاسلامیہ پاکستان کے تحت منعقدہ سالانہ امتحانات کے لیے داخلہ فارم یکم ربیع الاول تا 30 ربیع الاول تک سنگل فیس، یکم ربیع الثانی سے 15 ربیع الثانی تک ڈبل فیس جبکہ 16 سے 25 ربیع الثانی تک تین گنا فیس کے ساتھ وصول کیے جائینگے اس کے بعد کوئی بھی داخلہ فارم قبول نہیں کیا جائے گا۔

جبکہ فصلی امتحان کے لیے داخلہ فارم 5 شوال سے یکم ذوالقعدہ تک سنگل فیس 10 ذوالقعدہ تک ڈبل فیس جبکہ 15 ذوالقعدہ تک تین گنا فیس کے ساتھ وصول کیے جائینگے۔ اس کے بعد کوئی بھی داخلہ فارم قبول نہیں کیا جائے گا۔

**داخلہ کی ضروری شرائط:**

رابطۃ المدارس کے تحت امتحان میں ریگولر پڑھنے والے طلبہ وطالبات داخلہ لے سکتے ہیں۔ پرائیویٹ داخلہ منسوخ ہوگا۔ اور پرائیوٹ داخلہ بھیجنے والے اداروں کے خلاف رابطۃ المدارس کے قواعد وضوابط کے مطابق سخت تادیبی کاروائی کی جائے گی۔

فصلی امتحان میں وہی طلبہ امتحان میں شریک ہوسکتے ہیں جو سالانہ امتحان میں شریک ہوں۔ نیا داخلہ فصلی امتحان میں نہیں ہوسکتا۔

نوٹ: رابطۃ المدارس کے تحت تمام داخلے آن لائن ہونگے۔ داخلوں کا طریقہ کار رابطۃ المدارس کے ویب سے ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

**امتحانی سنٹرز (مرکز الامتحان):**

رابطۃ المدارس تحت امتحان میں کسی بھی ادارے کو سنٹر (مرکز الامتحان) بنانے کے شرائط:

ا۔ طلبہ سنٹر کے لیے امتحان میں شریک طلبہ کی تعداد کم از کم 60 اور طالبات کے لیے کم از کم تعداد 50 ہوں۔

۲۔ قریبی سنٹر میں جانا ممکن نہ ہو۔ ۳۔ امتحانی حال موجود ہو جس میں امتحان میں شریک طلبہ/ طالبات کو بیٹھانا ممکن ہو۔

۴۔ ممتحنین کے لیے قیام وطعام کا انتظام موجود ہو۔ ۵۔ رابطۃ المدارس کے مقامی معتمد کا وزٹ اور رپورٹ۔

نوٹ: اگر کسی ادارے میں درجہ بالا شق نمبر ا، ۲ کی عدم موجودگی کے باوجود اپنے ادارے کو سنٹر بنانے کا خواہش مند ہو تو اس ادارے کو سنٹر کی منظوری کی صورت میں تمام امتحانی اخراجات ادارہ خود برداشت کرے گا۔ مثلاً نگران ومعاونین کا معاوضہ، قیام وطعام وغیرہ

**نتائج:**

رابطۃ المدارس کے تحت سالانہ امتحان کے نتائج کا اعلان یکم رمضان المبارک تک کیا جائے گا جبکہ فصلی امتحان کے نتائج کا اعلان یکم صفر المظفر تک کیا جائے گا۔

**ری چیکنگ:**

ری چیکنگ (نظر ثانی) پرچہ جات سالانہ امتحان کے نتائج کے اعلان کے بعد دو ہفتوں تک درخواست قبول کی جائیگی۔ اور عید الفطر تک نظر ثانی کا کام مکمل کیا جائے گا۔

**اسناد کی طباعت:**

سالانہ امتحان کی اسناد محرم الحرام اور صفر کے مہینے تک مدارس کو ارسال کی جائینگی ۔ جبکہ عالمیہ دوم، حفظ القرآن اور تجوید القرآن کے طلبہ و طالبات کو اسناد ذوالقعدہ اور ذوالحجہ کے مہینے میں ارسال کی جائیں گی ۔

نوٹ: جن اداروں کی فیس (داخلہ یا تجدید الحاق) بقایا ہوں ان اداروں کو فیس کی ادائیگی کے بعد اسناد بھیجی جائیں گی ۔

**ارجنٹ سند:**

نظر ثانی پرچہ جات کے بعد کسی بھی مدرسہ/ جامعہ/ سکول یا طلبہ و طالبات کو کسی بھی درجے کی ارجنٹ سند مطلوب ہو تو وہ اپنے ادارے کے لیٹر پیڈ پر درخواست جس میں مہتمم کی سفارش ہو، دفتر سے ارجنٹ سند وصول کی جاسکتی ہے ۔

**امپرومنٹ:**

کسی بھی درجے میں امپرومنٹ کے لیے پہلے اس درجے کے امتحان میں کامیابی ضروری ہے ۔ اور کسی بھی درجے میں کامیاب ہونے کے بعد سے آنے والے دو امتحانات سالانہ و فصلی امتحان میں امپرومنٹ کر سکتے ہیں ۔ اس کے بعد امپرومنٹ کے مواقع ختم ہو جائینگے ۔

**رابطۃ المدارس کے ساتھ الحاق کے ضروری کوائف:**

۱۔ رابطۃ المدارس کی طرف سے جاری کردہ الحاق فارم فل کرنا
۲۔ مہتمم/ پرنسپل کے شناختی کارڈ کا مصدقہ نقول
۳۔ معتمد رابطۃ المدارس، امیر ضلع یا قیم ضلع کی طرف سے تصدیقی لیٹر
۴۔ نامکمل الحاق فارم قبول نہیں کیا جائے گا ۔
۵۔ الحاق کی مطلوبہ فیس کی ادائیگی کی رسید (بینک سلپ)

نوٹ: دیگر شرائط الحاق فارم کے صفحہ نمبر 4 پر دیئے گئے ان تمام شرائط پر عملدرامد ضروری ہوگا ۔

**تجدید الحاق:**

تجدید الحاق کی فیس کی ادائیگی ہر سال لازمی ہے رابطۃ المدارس کی طرف سے جاری کردہ الحاق نامہ رکنیت میں تاریخ تنسیخ کے نام سے تاریخ مذکور ہے ۔ اس کے مطابق ادارہ فیس کی ادائیگی کرے اور فیس کی ادائیگی کی رسید اور لیٹر پیڈ پر تجدید الحاق کے حوالے سے تفصیل لکھ کر بذریعہ ڈاک ارسال کریں ۔ وگرنہ اسناد اداروں کو نہیں بھیجی جائیں گی ۔ تجدید الحاق ایک سال سے زیادہ کے لیے بھی کر سکتے ہیں ۔

**رپورٹ:**

رابطۃ المدارس کے ساتھ ملحق اداروں کے لیے لازمی ہے کہ وہ ہر سال ذوالقعیدہ کے مہینے میں گزشتہ سال کی مکمل رپورٹ اور جاری سال کی داخلوں کی مکمل تفصیل دفتر رابطۃ المدارس کو بذریعہ ڈاک ارسال کریں (جس میں کلاسوں کا ٹائم ٹیبل اساتذہ کی تفصیل کے ساتھ لف ہو) ۔ رپورٹ کے حوالے سے پر فارمہ رابطۃ المدارس کے ویب سائٹ سے حاصل کر سکتے ہیں یا دفتر رابطۃ المدارس سے بذریعہ واٹس ایپ طلب کر سکتے ہیں ۔

**تصدیق اسناد:** ایچ ای سی (HEC) سے معادلہ کے لیے تصدیق اسناد کے کوائف:

۱۔ تمام اصل اسناد و کشف الدرجات
۲۔ تمام اسناد و کشف الدرجات کے دو، دو فوٹو کاپیاں
۳۔ شناختی کارڈ/ ب فارم/ یا پاسپورٹ کی کاپی
۴۔ تصدیق اسناد کی مطلوبہ فیس کی رسید جو بنک میں جمع کی گئ ہو ۔
۵۔ تصدیق اسناد کے حوالے سے رابطۃ المدارس کی طرف سے جاری کردہ پر فارمہ پر کر کے لف کریں ۔ (مکمل تفصیل اس میں موجود ہے)

**تصحیح اسناد کے کوائف:**

۱۔ اصل اسناد
۲۔ شناختی کارڈ/ ب فارم یا پاسپورٹ کی کاپی
۳۔ متعلقہ ادارے کے لیٹر پیڈ پر تصدیقی خط
۴۔ مطلوبہ فیس کی ادائیگی کی رسید
۵۔ تصحیح اسناد کے حوالے سے ربطۃ المدارس کی طرف سے جاری کردہ پر فارمہ پر کر کے لف کریں ۔ (مکمل تفصیل اس میں موجود ہے)

نوٹ: نام، ولدیت یا تاریخ پیدائش کی مکمل تبدیلی کی صورت میں عدالتی کاروائی، اسٹام پیپر میں بیان حلفی، اخبار کا تراشہ ضرور لف کریں۔

**گمشدگی اسناد (مثنیٰ) کے کوائف:**

۱۔گمشدگی کے حوالے سے اسٹام پیپر پر بیان حلفی          ۲۔گمشدگی کے حوالے سے پولیس رپورٹ (FIR)

۳۔گمشدگی کا اخباری اشتہار          ۴۔شناختی کارڈ/ب فارم/ یا پاسپورٹ کی کاپی

۵۔ متعلقہ ادارے کے لیٹر پیڈ پر تصدیقی خط          ۴۔مطلوبہ فیس کی ادائیگی کی رسید

۵۔تصحیح اسناد کے حوالے سے رابطۃ المدارس کی طرف سے جاری کردہ پر فارمہ پر کر کے لف کریں۔ (مکمل تفصیل اس میں موجود ہے)

**این او سی (NOC) کے لیے مطلوبہ کوائف:**

۱۔مطلوبہ سند اور رزلٹ کارڈ کی کاپی          ۲۔شناختی کارڈ/ب فارم/ یا پاسپورٹ کی کاپی

۳۔ تصحیح اسناد کے حوالے سے رابطۃ المدارس کی طرف سے جاری کردہ پر فارمہ پر کر کے لف کریں۔

۴۔ مطلوبہ فیس کی ادائیگی کی رسید

**اکاؤنٹ نمبر:**

ٹائٹل: رابطۃ المدارس الاسلامیہ پاکستان          اکاؤنٹ نمبر:000120001265882          برانچ: سونیری بینک مین برانچ مال روڈ لاہور۔

نوٹ: ہر قسم کی فیس رابطۃ المدارس کے اکاؤنٹ میں آن لائن جمع کریں اور اصل رسید یا موبائل ایپ سے آن لائن جمع کی گئی فیس کی رسید پرنٹ نکال کر بذریعہ ڈاک دفتر رابطۃ المدارس ارسال کریں۔ (جس مد میں فیس جمع کی ہو اس کی تفصیل رسید کے ساتھ ضرور لف کریں)

**فیس کی تفصیل:**

عالمیہ دوم، عالمیہ اول، عالیہ دوم اور عالیہ اول کی سنگل فیس 1000 روپے جبکہ خاصہ دوم، خاصہ اول، عامہ دوم، متوسطہ، تجوید القرآن، حفظ القرآن، علوم دینیہ (دراسات) 900 روپے۔

**دیگر فیسوں کی تفصیل درج ذیل ہے:**

| نمبر شمار | تفصیل | فیس | | نمبر شمار | تفصیل | فیس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | الحاق فیس | 5000 | | 5 | تصحیح اسناد (فی سند) | 300 |
| 2 | تجدید الحاق عالیہ سے اوپر والے مدارس | 3000 | | 6 | تصدیق اسناد | 1000 |
| 3 | تجدید الحاق ابتدائی درجوں والے مدارس | 2500 | | 7 | کشف الدرجات (بطاقہ) | 200 |
| 4 | مثنیٰ سند (فی سند) | 1000 | | 8 | این او سی (NOC) | 500 |

اوقات کار دفتر:     ہفتہ تا جمعرات،     08:00 تا 04:00 بجے سہ پہر۔

01:00 تا 02:00 بجے وقفہ برائے نماز و طعام

پتہ:     دفتر رابطۃ المدارس الاسلامیہ پاکستان، منصورہ، ملتان روڈ لاہور۔ 04235252209